سوال

(383) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام سنتے وقت انگوٹھے چومنے کا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ ناواقف علم حدیث جن کو صحیح اور مقیم اور ضعیف اور موضوع اور غیر موضوع میں کچھ امتیاز نہیں ہے، مؤذن سے اشھد ان محمد رسول اللہ کے سننے کے وقت انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر لگاتے ہیں، اور اس فعل کو چند احادیث کتب طبقہ رابعہ سے حجت لاکر سنت جانتے ہیں، اس باب میں کتب معتبرہ سے جو صاف صاف حکم ہو ارشاد فرمادیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس مقدمہ مذکور میں جتنی حدیثیں کہ مذکور ہیں، ان میں سے ایک بھی صحیح وثابت نہیں، اور نہ ان کا کسی معتمد کتاب میں پتہ و نشان پایا جاتا ہے، محققین و نقاد احادیث نے ان سب احادیث میں کلام کرکے تصریح غیر صحیح اور موضوع ہونے کی کردی ہے، تفصیل اس اجمال اور تشریح اس مقال کی یہ ہے، کہ اول تو یہ سب حدیثیں کتب احادیث طبقہ رابعہ سے ہیں، اور اس طبقہ کی احادیث اس قابل نہیں، کہ کسی عقیدہ اور عمل کے ثابت کرنے میں ان پر اعتماد کیا جاوے، اور ان کو متمسک بہ ٹھہرایا جاوے، چنانچہ مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ عجالہ نافعہ میں ارشاد فرماتے ہیں۔

چوتھے طبقے میں وہ حدیثیں ہیں جن کا پہلے زمانہ میں نام و نشان نہ تھا، اور متاخرین نے ان کو روایت کیا ہے، ان کا حال دو حیثیتوں سے خالی نہیں ہے، یا تو سلف نے ان کو پرکھا اور ان کا کوئی اصل نہ مل سکا، کہ ان کی روایت کرتے یا کوئی اصل تو تھا، لیکن ان میں سے اسے نقص دیکھے ان کو چھوڑ دینا ہی مناسب معلوم ہوا، بہر حال وہ حدیثیں کسی طرح بھی اس قابل نہ تھیں، کہ ان پر عقیدہ کی بنیاد رکھی جاتی۔

دوسرے یہ کہ علامہ شمس الدین ابوالخیر محمد بن وجیہ الدین عبدالرحمن سخاوی مقاصد حسنہ میں اور شیخ الاسلام مترجم بخاری اور حسن بن علی ہندی اور ابن ربیع شافیع اور زرقانی مالکی اور محمد طاہر قمنی حنفی نے ان احادیث کو لایصح لکھا ہے، اور لفظ لایصح کا بمعنی ثابت نہ ہونے کے آتا ہے، چانچہ علامہ محمد طاہر پٹنی نے اپنے تذکرہ میں لکھا ہے۔

قولنا لم یصح لایلزم منہ اثبات العدم وانما ھو اخبار عن عدم الثبوت انتہیٰ

''یعنی قول ہمارا لایصح نہیں لازم آتا ہے اس سے اثبات نہ ہونے کا، اور نہیں ہے وہ قول مگر خبر دیتا ہے نہ ثابت ہونے سے۔''

اور شیخ الاسلام نے ترجمہ بخاری میں لکھا ہے، کہ

مسند فردوس میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کیا گیا ہے، کہ جب مؤذن اشہد ان محمدا رسول اللہ سنتے تو اپنی دونو سبابہ انگلیوں کے پوروں کو چوم کر اپنی انگلیوں پر

لگالیتے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جو کوئی تیری طرح کرے گا اس کے لیے شفاعت واجب ہو جائے گی اور حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، کہ آپ نے فرمایا، جو آدمی مؤذن سے یہ کلمہ سن کرکہے مرحبا بحبیبی وقرۃ محمد بن عبد اللہ اپنے انگوٹھوں کو چوم کر اپنی آنکھوں پر پھیرے، تو وہ کبھی نابینا نہ ہوگا، اور نہ کبھی اس کی آنکھیں دکھیں گی، اور محدثین کے نزدیک یہ دونوں روایتیں قطعاً ثابت نہیں ہیں۔

اور حسن بن علی ہندی صاحب سبیل الجنان نے تعلیقات مشکوٰۃ المصابیح میں لکھا ہے۔

کل ما روی فی وضع الابھامین علی العینین عند سماع الشھادۃ من المؤذن لم یصح انتہیٰ

''یعنی جو کچھ روایت کیا گیا ہے مؤذن سے رکھنے انگوٹھوں میں آنکھوں پر وقت سننے کلمہ شہادت کے ثابت نہیں ہوا۔''

اور محمود احمد عینی نے عمدۃ القاری شرح بخاری میں بیچ باب مایقول اذا سمع المنادی کے لکھا ہے۔

یجب علی السامعین ترک عمل غیر الاجابۃ انتہی ملخصا

''یعنی اذان کے سننے والوں پر ہر کام چھوڑ دینا، اور جواب اذان دینا واجب ہے۔''

اور یہ بھی شرح مذکور کے اسی باب میں لکھا ہے۔

ینبغی ان لا یتکلم السامع فی خلال الاذان والاقامۃ ولا یقرأ القران ولا یسلم ولا یرد السلام ولا یشتغل بشئ من الاعمال سوا لاجابۃ انتہی

''یعنی لائق یہ ہے، کہ نہ کلام کرے سننے والا درمیان اذان اور اقامۃ کے اور نہ پڑھے قرآن اور نہ سلام کرے، اور نہ جواب سلام کا دے اور نہ مشغول ہر ساتھ عمل کے سوا جواب اذان دینے کے۔''

اور محمد یعقوب بنانی نے خیر جاری شرح صحیح بخاری میں بعد نقل عبارت عینی کے لکھا ہے۔

واعلم انہ یستفاد من کلام العنی المذکور منع وضع الابھامین علی العینین عنہ سماع اشھدان محمدا رسول اللہ

''یعنی جان تو تحقیق مستفاد ہوتا ہے کلام عینی سے جو یہاں مذکور ہے منع ہونا رکھنے انگوٹھوں کا آنکھوں پر وقت سننے اشھدان محمد رسول اللہ کے۔''

اور علامہ ابو اسحاق بن عبد الجبار کاملی نے شرح رسالہ عبد السلام لاہوری میں لکھا ہے۔

قد تکلموا فی احادیث وضع الابھامین علی العینین فلم یصح شئ منھا بروایۃ صعیفۃ ایضا صرح بعضھم بوضع کلھا انتہیٰ

''یعنی تحقیق کلام کیا ہے علمائے محدثین نے حدیثوں میں رکھنے انگوٹھوں کے آنکھوں پر، پس ثابت نہیں ہوا ہے کچھ ان میں سے ساتھ روایت ضعیفہ کے بھی، اور اسی واسطے تصریح کی ہے بعض محدثین نے ساتھ موضوع ہونے کل ان احادیث کے۔''

چنانچہ امام ابو الحسن عبد الغافر فارسی صاحب مفہم شرح صحیح مسلم اور مجمع الغرائب نے کتاب اقوال الاکاذیب میں لکھا ہے، بعد نقل احادیث فردوس دیلمی کے جو اس باب میں وارد ہیں لکھا ہے۔

والروایات فی ھذا الباب کثیرۃ لا اصل لھا بسند ضعیف ایضا وقال ابو نعیم الاصفہانی ما روی فی ذلک کلہ موضوع انتہیٰ

''یعنی روایات چومنے انگوٹھے اور ان کے آنکھوں پر رکھنے کی بہت ہیں، مگر نہیں ہے کچھ اصل ان کی سند ضعیف سے بھی۔ اور فرمایا ابو نعیم اصفہانی نے، کہ اس میں جو روایت کیا گیا، سب موضوع ہے۔''

اور امام جلال الدین سیوطی نے کتاب تیسیر المقال میں لکھا ہے۔

والاحادیث التی رویت فی تقبیل الانامل وجعلھا علی العینین عند سماع اسمہ صلی اللہ علیہ وسلم عن المؤذن فی کلمۃ الشھادۃ کلھا موضوعات انتہیٰ

''یعنی جو حدیثیں مؤذن سے کلمہ شہادت سننے کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر انگلیاں چومنے، اور پھر ان کے آنکھوں پر پھیرنے کے بارہ میں روایت کی گئی ہیں، سب موضوع ہیں۔''

اور ایسا ہی امام مذکور نے کتاب الدرۃ المتنثرۃ فی احادیث المتنثرۃ میں لکھا ہے، انتہیٰ ما فی بصارۃ العینین ملخصاً مختصراً۔

پس اس سبب سے معلوم ہوا۔ کہ علمائے محدثین معتبرین کے نزدیک فعل مذکور ثابت و صحیح نہیں ہوا اور کل احادیث جو اس باب میں مذکور ہیں۔ سب موضوع ہیں، اور فعل مذکور ہر گز ہر گز سنت و مستحب نہیں ہے، بلکہ بدعت و ممنوع ہے، چنانچہ شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ اپنے فتویٰ میں ارقام فرماتے ہیں۔

اذان کے وقت جواب کلمات اذان کے سوااور کئی چیزثابت نہیں ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کانام سننے پران پر درودوسلام بھیجنے کے سوااور کوئی چیز درست نہیں، اور یہ انگوٹھے چومنے کا عمل خلفائے راشدین کے زمانہ میں نہیں تھا پس بوقت اذان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کانام سن کر ایسا کرنا سخت سنت اور مستحب نہیں ہے بلکہ بدعت ہے اس سے پرہیز کرنا چاہیے، اور فقہ کی بعض کتابوں میں جو اس کے جواز کے متعلق لکھا ہے وہ کتابیں معتبر نہیں۔ ۱۲ واللہ اعلم بالصواب

اور محدث لکھنوی مرزا حسن علی صاحب بھی اپنی فتویٰ میں اسی طرح لکھتے ہیں کہ، این عمل ممنوع است واز قبیل بدعت، وآنچہ درین باب حدیثے ازجناب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم در عمل کردن صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نقل کنند موضوع است کذاذکرہ الشیخ جلال الدین سیوطی وغیرہ من المحدثین وبحسب روایات فقہ معتبرہ ہم اصلا ثبوت ندارد انتہیٰ بلفظہ کذافی بصارۃ العینین۔ واللہ اعلم بالصواب۔ (حررہ السید محمد نذیر حسین عفی عنہ، سید محمد نذیر حسین)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 256۔260